خطبات دین پوریؒ (جلد اول و دوم)

افادات	:	حضرت مولانا عبد الشکور دین پوریؒ
مرتب	:	قاری جمیل الرحمن اختر
ناشر	:	انجمن خدام الاسلام باغبان پورہ لاہور
قیمت	:	

تبلیغ اسلام کے ذرائع میں سے ایک موثر ذریعہ خطابت ہے۔ تاریخ اسلام کے ہر دور میں بڑے بڑے خطباء امت گزرے ہیں جنہوں نے خطابت کے ذریعے زندوں میں جوش اور مردہ دلوں میں نئی روح پھونکی ہے۔ اس اخیر دور میں علماء اہل سنت میں سے چند مشہور خطیب گزرے ہیں جن میں امام انقلاب مولانا ابو الکلام آزاد' سحبان الہند مولانا احمد سعید دہلوی' حکیم الاسلام قاری محمد طیب' امیر شریعت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری' قاضی احسان احمد شجاع آبادی' مولانا احتشام الحق تھانوی رحمہم اللہ شامل ہیں۔ اسی سلسلہ الذہب کی ایک سنہری کڑی مولانا عبد الشکور دین پوریؒ ہیں۔

راقم الحروف کو آپ کے بہت سے خطبات سننے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ آپ کی تقریر میں دریا کی سی روانی اور موجوں کا سا جوش و خروش ہوتا تھا۔ آپ رلاتے بھی تھے' ہنساتے بھی تھے۔ الفاظ کی بندش اور قافیہ جوڑنے میں آپ کا کوئی ثانی نظر نہیں آتا۔ آپ کی تقریر سے ایسے معلوم ہوتا تھا جیسے الفاظ و قوافی دست بستہ کھڑے کہہ رہے ہوں کہ ہم آپ کے لیے ہیں' آپ ہمیں جیسے چاہیں استعمال کریں۔ مولانا مرحوم دین کا درد رکھنے

والے، متواضع اور منکسر المزاج انسان تھے، وفات کے بعد پردۂ خفا میں چلے گئے تھے۔ کہیں ان کا نام بھی سننے کو نہیں آتا تھا۔ اللہ بھلا کرے مولانا جمیل الرحمٰن اختر صاحب کا، انہوں نے مولانا کے خطبات شائع کر کے مولانا کا نام زندہ کر دیا ہے۔ ان خطبات کو پڑھ کر یوں محسوس ہوتا ہے جیسے مولانا سامنے کھڑے بول رہے ہیں۔

اس وقت ہمارے سامنے خطبات دین پوری کی دو جلدیں ہیں اور دونوں میں دس دس خطبات ہیں۔ پہلی جلد کے دس خطبات درج ذیل ہیں: (۱) توحید باری تعالیٰ (۲) سیرت النبی ﷺ (۳) فضائل و مناقب سیدنا ابو بکر ؓ (۴) فضائل و مناقب حضرت عمر فاروق ؓ (۵) فضائل و مناقب حضرت عثمان غنی ؓ (۶) فضائل و مناقب حضرت علی ؓ (۷) فضائل و مناقب حضرت ابو بکرؓ و حضرت حسینؓ (۸) فضائل و مناقب حضرت عائشہؓ (۹) فضائل علم و عمل (۱۰) مناقب حضرات علماء دیوبند۔

دوسری جلد کے دس خطبات یہ ہیں: (۱) توحید باری تعالیٰ اور حقوق والدین (۲) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت (۳) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت مبلغ (۴) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی عملی زندگی اور اہل سنت (۵) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج (۶) فضائل خلفاء راشدین (۷) فضائل شب برات اور احترام والدین (۸) روزہ کیا ہے؟ (۹) عظمت مسجد (۱۰) فضائل قربانی۔

پہلی جلد کے شروع میں مولانا دین پوریؒ کی مختصر سوانح بھی درج کر دی گئی ہے۔ مولانا کے یہ خطبات عوام، ائمہ، خطباء اور طلباء کے لیے یکساں مفید ہیں۔ عمدہ کتابت و طباعت اور خوبصورت جلد سے مزین یہ دونوں جلدیں مناسب نرخ پر مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔